بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

اعتراضات/Representation بابت جدید حلقہ بندی (De-limitation) حلقہ PP 220 ملتان۔

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

1۔ یہ کہ من سائل پٹوارسرکل مبارک پور کا رہائشی اور سکونتی ہے اور من سائل کی تمام برادری اسی پٹوارسرکل میں عرصہ دراز سے رہائش پذیر ہے۔ اور اپنا کاروبار کر رہے ہیں۔ من سائل عرصہ دراز سے موجودہ حلقہ PP 220 سابقہ حلقہ PP 203 میں شامل ہے مگر موجودہ حلقہ بندی کے تحت من سائل کے پٹوارسرکل کو موجودہ حلقہ PP 219 میں شامل کر دیا گیا ہے اور من سائل کا حلقہ موجودہ حلقہ PP 219 کے اختتام پر شامل ہے جس سے ایک سرے سے دوسرے سرے کا فاصلہ 25 سے 30 کلومیٹر سے زائد بنتا ہے جب کہ حلقہ PP 220 کے درمیان میں من سائل آباد ہے۔ اور اسطرح من سائل کے پولنگ اسٹیشن بھی من سائل کے گھر سے دور ہو جائیں گے۔

2۔ یہ کہ من سائل جغرافیائی اور ثقافتی طور پر اپنے عزیز داروں سے الگ ہو جائے گا اور سائل کی مشکلات میں اضافہ ہو جائے گا۔

3۔ یہ کہ موجودہ حلقہ PP 220 کی نئی حلقہ بندی کے مطابق من سائل کے انتخابی حلقہ سے پٹوارسرکل (I) گوپال پور (II) کوٹلہ رحم علی (III) بلی والا کو شامل کر دیا گیا جو کہ کسی طور بھی من سائل کے حلقہ میں Compact Block کی تعریف میں نہ آتے ہیں اور جغرافیائی طور پر بھی ان تین پٹوارسرکل کا کوئی بھی تعلق صوبائی حلقہ PP 220 سے نہ رہا ہے یہ تینوں پٹوارسرکل سابقہ حلقہ بندی حلقہ PP 202 اور موجودہ PP 219 کا حصہ رہے ہیں اور ان تینوں پٹوارسرکل کی کل آبادی 37884 بنتی ہے۔

4۔ یہ کہ سائل کے موجودہ صوبائی حلقہ PP 220 سے جو پٹوارسرکل نئی حلقہ بندی کے تحت نکالے گئے ہیں۔ ان میں پٹوارسرکل (I) جہان پور (ii) مبارک پور (iii) مخدوم پور ہیں۔ جن کی کل آبادی 36453 بنتی ہے۔ یہ تینوں پٹوارسرکل جغرافیائی اور ثقافتی طور پر موجودہ حلقہ PP 220 کا حصہ رہے ہیں۔ اور اس کے علاوہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اگر نقشہ کی مدد سے دیکھا جاوے تو پٹوارسرکل جہان پور تینوں اطراف سے من سائل کے موجودہ حلقہ PP 220 میں گھری ہوئی ہے۔ اس طرح

(3)

مبارک پور اور مخدوم پور پٹوارسرکل کی بھی یہی صورت حال ہے۔

5۔ یہ کہ اگران تینوں پٹوارسرکل کوموجودہ حلقہ PP 220 میں شامل کیاجائے تو یہ Compact Block بنتا ہے۔

6۔ یہ کہ اگرنقشہ کا بغور مطالعہ کیاجاوئے تو یہ بات بھی بالکل واضح طور پرعیاں ہیں ایک لکیر کی شکل کی طرح 16 سے 17 کلومیٹرلمبی پٹی من سائل کے موجودہ حلقہ PP 220 میں شامل کردی گئی ہے۔ جوکہ کسی طوربھی قانون کے مطابق نہ ہے۔

7۔ یہ کہ اگرتین پٹوارسرکل گوپال پور، کوٹلہ رحم علی، اور بلی والا کو موجودہ حلقہ PP 220 سے نکال دیاجائے اورحلقہ PP 219 سے شامل کردیاجائے اورحلقہ PP 219 سے پٹوارسرکل جہان پور مبارک پور، مخدوم پورکونکال کرحلقہ PP 220 شامل کردیاجائے تودونوں صوبائی حلقہ جات کی آبادی پربھی کوئی فرق نہیں پڑے گا اوردونوں حلقہ جات بمطابق قانون Compact Block کی صورت اختیارکرلیں گے اوراس سے کسی بھی Administrative یونٹ یا باؤنڈری کوفرق نہ پڑیگا اور بمطابق قانون الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 20 جوکہ De-limitation کے اصول بیان کیئے گئے ہیں ان کی مکمل پاسداری بھی ہوجاوئے۔

نوٹ:۔ بابت رہنمائی نقشہ جات لف اعتراضات ہیں۔

اندریں حالات بالانہایت ادب سے استدعا ہے کہ اعتراضات/Representation کو منظورفرماتے ہوئے پٹوارسرکل جہان پورآبادی 19135 پٹوارسرکل مبارک پورآبادی 11760 اور پٹوارسرکل مخدوم پور 5558 کل آبادی 36453 کو صوبائی حلقہ PP 219 نکال کرصوبائی حلقہ PP 220 میں شامل فرمایاجاوئے اوران کی جگہ پٹوارسرکل گوپال پور آبادی 6820، پٹوارسرکل کوٹلہ رحم علی آبادی 15532، پٹوارسرکل بلی والا 15532 ٹوٹل آبادی 37884 کوصوبائی حلقہ PP 220 سے نکال کرصوبائی حلقہ PP 219 میں شامل فرمائے جانے کا حکم صادرفرمایاجاوئے جوکہ قرین انصاف اور بمطابق قانون ہے۔

عرضــــــــــــــــــــے

محمد اعجاز ولد چوہدری نیاز محمد سکنہ بستی دین پور پٹوارسرکل مبارک پور تحصیل ملتان صدر ضلع ملتان۔شناختی کارڈنمبر:۔36303-4981487-1

چوہدری اکبر علی اعجاز ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

119۔ذکریابلاک ضلع کچہری ملتان